# Education for SDGs in the wider community

## a. Local residents

1. **Safe Food Project**:

   **The** University of Poonch Rawalakot has launched a project aimed at promoting food safety in Azad Jammu and Kashmir. Each year, UPR experts organize conferences and workshops to raise awareness about food safety within the local community. Additionally, UPR specialists travel to various regions of AJK to educate and train local farmers and residents on safe food practices.



ABC Certified | Member AKNS

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: اعجاز قمر



غیر محفوظ غذا صحت کیلئے بڑا خطرہ، جامعہ پونچھ میں عالمی یوم تحفظ خوراک پر سیمینار

راولاکوٹ اور گرد و نواح میں ملاوٹ شدہ اجناس کی فروخت عروج پر، شہری خریداری میں احتیاط کریں، آگاہی واک میں طلبہ و دیگر کی شرکت

انسان اپنی تباہی خود کر رہا ہے، ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈین ڈاکٹر امتیاز، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر امتیاز لال، ڈاکٹر عمران حیات اور دیگر کا خطاب

بقیہ 50

[illegible]


ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ شعبہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

# کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 02 | شمارہ 19 | 2023-29 ذوالقعدہ 1444ھ | 2080 | صفحات 04 | قیمت 20 روپے | 06

# مشروم کی کاشت کیلئے آزاد کشمیر موزوں خطہ، صنعت کو فروغ دیا جائے، ماہرین

## دوروزہ تربیتی ورکشاپ میں ملک بھر سے زرعی ماہرین، طلبہ و طالبات اور ترقی پسند زمینداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

## کم زمین کے حامل زمینداروں کی معاشی خود کفالت کے لیے ایسی تربیتی ورکشاپس کا انتظام کیا جانا انتہائی ناگزیر ہے، مقررین

راولاکوٹ (سٹاف رپورٹر) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پیتھالوجی کے زیر انتظام مشروم کی کاشت کے فروغ اور بیج کی پیداوار کے عنوان سے دوروزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں ملک بھر سے زرعی ماہرین، طلبہ و طالبات اور ترقی پسند زمینداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ڈین فیکلٹی زراعت ڈاکٹر ناصر رحیم اور انچارج شعبہ پلانٹ پیتھالوجی ڈاکٹر رئیس احمد، ڈاکٹر محمد طارق خان، رجعیہ بشارت محمود اور ان کی ٹیم کو کامیاب ورکشاپ کے انعقاد پر مبارک بادوی اور کہا کے ازاد کشمیر کے زمینداروں بالخصوص کم زمین کے حامل زمینداروں کی معاشی خود کفالت (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)



راولاکوٹ: جامعہ پونچھ راولاکوٹ شعبہ پلانٹ پیتھالوجی کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ سے ماہرین خطاب کر رہے ہیں

**بقیہ 46**

کے لیے ایسی تربیتی ورکشاپس کا انتظام کیا جانا انتہائی ناگزیر ہے۔ دوروزہ ورکشاپ میں مشروم کی کاشت، پیداواری ٹیکنالوجی، مارکیٹنگ، بیج کی تیاری و دستیابی کے ساتھ ساتھ سرمائے کی فراہمی بارے تفصیلی طور پر بتایا گیا۔ اس ورکشاپ میں پروفیسر ڈاکٹر طارق مختار ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی، پروفیسر ڈاکٹر نوید اسلم چیرمین شعبہ پلانٹ پیتھالوجی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، ڈاکٹر گلشن ارشاد ایسوسی ایٹ پروفیسر پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی، محمد کاشف ہارٹیکلچر سپیشلسٹ زرعی ترقیاتی بینک، ڈاکٹر امجد شہزاد گوندل جنرل سیکریٹری پاکستان سوسائٹی آف پلانٹ پروٹیکشن، اور ڈاکٹر کلیم عباس قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت نے شرکت کی۔ ماہرین نے کہا کے مشروم کی کاشت مستقبل میں آزاد کشمیر کے موافق موسمی حالات کے پیش نظر ایک بہترین صنعت کا درجہ حاصل کر سکتی ہے۔ نیز کم زمین کے حامل زمینداروں کے لیے کم اخراجات کے ساتھ بہترین ذرائع آمدن کے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں جس سے زمینداروں کا معیار زندگی بلند ہوگا۔ ڈاکٹر ناصر رحیم نے کہا کہ فیکلٹی آف ایگریکلچر مختلف انڈسٹریز کے لیے پلیٹ فارم مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ خطہ کے زمینداروں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی سے روشناس کرنے اور تکنیکی معاونت کی فراہمی ایک مربوط اور جامع طریقہ کار کے تحت جاری رکھے ہوئے ہے۔ امجد طاہر نمائندہ نیشنل بینک آف پاکستان نے کہا کہ نیشنل بنک زرعی خود کفالت کے فروغ کے لیے انتہائی آسان شرائط پر قرضہ جات فراہم کر رہا ہے۔ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر ڈاکٹر نوید اسلم نے شعبہ کو جدید آٹومیشن سسٹم کا تحفہ بھی دیا اور مستقبل میں بھی تکنیکی معاونت کی فراہمی کا اظہار کیا۔

## 2. Honey Be Project:

The University of Poonch Rawalakot has launched a project aimed at promoting honey production in Azad Jammu and Kashmir. Each year, UPR experts organize conferences and workshops to train local residents. Additionally, UPR specialists travel to various regions of AJK to provide training and raise awareness among local farmers and communities about honey production.






ABC Certified | Member AKNS

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

عابد صدیق

جامعہ پونچھ میں شہد کی مکھیوں سے متعلق ورکشاپ 11 دسمبر کو ہوگی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی کے زیر اہتمام شہد کی مکھیاں پالنے، مکھیوں کی حیاتیات، رویوں سمیت مکھیاں پالنے کے (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

## بقیہ 22

بنیادی اصولوں کو سمجھنے کیلئے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ 11 دسمبر بروز پیر فیکلٹی آف ایگریکلچر کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوگی ۔ایک روزہ فری ورکشاپ میں مقامی فارمرز کو شہد کی مکھیاں پالنے کی تربیت فراہم کی جائے گی ۔ورکشاپ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عمر ایاز شیخ نے کہا کہ شہد کی مکھیاں پالنا اور اس کے طریقوں کو جاننا ایک مسلسل عمل ہے۔اس حوالے سے نئی دریافتیں اور مہارتیں سامنے آتی رہتی ہیں ۔فارمرز کیلئے ان سے آگہی انتہائی ضروری ہے تاکہ فارمرز کیلئے مکھیوں کی دیکھ بھال میں آسانی ہو اور وہ بہتر نتائج حاصل کرسکیں ۔انھوں نے کہا کہ مکھیوں کی بہتر افزائش کیلئے خوراک کے ریسورس اور جگہ کے انتخاب سمیت دوسری بنیادی باتوں کو سمجھنا انتہائی ضروری ہے ۔ورکشاپ کا بنیادی مقصد ان ہی اصولوں سے آگاہی ہے۔انھوں نے کہا کہ ورکشاپ کا نعقاد فارمرز کیلئے مفت کیا گیا ہے ۔مذید معلومات کیلئے فون نمبر 03214050218 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## c. Alumni

### 1. Botany Gala

The Botany Gala is a project initiated by the University of Poonch Rawalakot in collaboration with UPR alumni to educate the public and schoolchildren about the importance of plants. The initiative includes seminars, awareness walks, and visits to schools and colleges, where the alumni team joins efforts to educate and raise awareness in the community about various types of plantations across different regions.



web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

روزنامہ پرل ویو

ایڈیٹرانچیف: شفقت ضیاء

راولاکوٹ اسلام آباد

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:09 | جمعرات 28 ستمبر 2023ء 11 ربیع الاول 1445، 13 اسوج 2080ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ 196

جامعہ پونچھ شعبہ نباتیات میں باٹنی گالا، الیومنائی کے اعزاز میں عشائیہ، کلچرل شو

طلبہ نے شو میں چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور کشمیر کی ثقافت کے رنگ بکھیر دیئے، ادویات اور مقامی پودوں کی بھی نمائش

تقریب میں وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر عبدالحمید، ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈاکٹر ناصر رحیم، سول سوسائٹی کے نمائندوں کی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ کے شعبہ باٹنی کے زیر اہتمام باٹنی گالا اور الیومنائی (سابق طلبہ) کے اعزاز میں عشائیہ کے موقع پر طلباء و طالبات نے آرگینک فوڈز، مقامی پودوں سمیت مختلف اشیاء اور ادویات کی شاندار نمائش کی جبکہ کلچرل شو میں طلبہ نے چاروں صوبوں گلگت بلتستان اور کشمیر کے ثقافتی رنگ بکھیر دیئے جس پر حاضرین نے بے حد داد دی۔ اس موقع پر کھانے پینے کی اشیاء اور تفریحی مقاصد کے تحت مختلف سٹالز بھی لگائے گئے جبکہ شعبہ باٹنی کے سابق طلبہ (بقیہ 28 صفحہ 03)

راولاکوٹ، جامعہ پونچھ کے شعبہ نباتیات میں باٹنی گالا کے موقع پر شرکاء ایک سٹال کا معائنہ کر رہے ہیں، دوسری جانب سکول کے بچوں کا اظہار دلچسپی



28 بقیہ

(ایلومنائی) کے اعزاز میں خصوصی عشائیے کا اہتمام کیا گیا
۔تقریب میں وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی آزاد کشمیر
پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید،سول سوسائٹی کے نمائندوں ،ڈین
مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین ،ڈین ایگریکلچر
پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد اور
دیگر نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے
ہوئے مقررین نے پروگرام کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہو
ئے ڈیپارٹمنٹ آف باٹنی کے اساتذہ اور طلباء و طالبات
اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔

## 2. Education for All:

"Education for All" is a collaborative initiative between the University of Poonch Rawalakot, UPR Alumni, and the local community, aimed at promoting education throughout Azad Jammu and Kashmir. Sudhan Education, a non-governmental organization formed by UPR alumni, the local community, and the University of Poonch Rawalakot, organizes conferences and offers scholarships to underprivileged individuals in Azad Jammu and Kashmir, enabling them to continue their education.






ABC Certified | Member AKNS

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 02 | 25 اگست 2023 | 1445 | 2080 | شمارہ 135

# جامعہ پونچھ میں سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے زیر اہتمام طلبہ میں سکالرشپ چیک تقسیم

## معاشرے کی شکست یہ ہے کہ کوئی طالب علم فیس نہ ہونے پر تعلیم سے محروم رہ جائے، وائس چانسلر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر

## 10لاکھ مالیت کے چیک طلبہ کے حوالے، معاشرہ آپ کے کردار کا منتظر، ڈاکٹر رحیم، شاہزیب شبیر، رخسانہ منشاء اور دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے زیر اہتمام 25طلبہ میں نولاکھ پچپن ہزار(9,55000) مالیت کے سکالر شپ چیک تقسیم کئے گئے۔ اس حوالے سے جامعہ پونچھ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) کی زیر صدارت خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں چیک طلبہ کے حوالے کئے گئے۔ تقریب میں رجسٹرار جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، (بقیہ 4 5صفحہ 3 0پر)




**بقیہ 54**

سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے یوتھ ونگ کے چیئرمین شاہزیب شبیر، سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کی سکالرشپ کمیٹی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمد رحیم خان، ڈاکٹر غلام حسین، ڈاکٹر رخسانہ منشاء، پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم خان، محمد وسیم اعظم، سینئر صحافیوں عابد صدیق، راشد نذیر، محمد ساجد انور اور دیگر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں بہترین سرمایہ کاری انسان کو بااختیار بنانے کیلئے سرمائے کی فراہمی ہے۔ انسانیت کو بااختیار بنانے کیلئے علم سے بڑا کوئی ہتھیار نہیں۔ دنیا کے تمام سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ اگر تعلیم کے حصول کیلئے ایک ڈالر خرچ کیا

جائے تو اس سے ملنے والا ریوارڈ 10 ملین ڈالر کے برابر ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ کسی معاشرے کی شکست یہ ہے کہ کوئی بچہ محض اس لئے تعلیم سے محروم رہ جائے کہ وہ فیس ادا نہیں کرسکتا۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ پونچھ راولاکوٹ بھی سکالرشپ کی فراہمی میں سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے شانہ بشانہ چلے گی۔ ہم بھی سکالرشپ کیلئے انڈوومنٹ فنڈ قائم کرینگے۔ ''ایک مٹھی آٹا'' کے سلوگن پر قائم تنظیم کا مقصد بہت عظیم ہے۔ نیت اور کمٹمنٹ کے سامنے وسائل کی حثیت ثانوی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اپنے قیام کے سو سال بعد بھی تنظیم پورے سپرٹ کیساتھ کام کررہی ہے۔ وائس چانسلر نے جامعہ کی رینکنگ میں نمایاں پوزیشن کے ریمارکس کے جواب میں کہا کہ ہمارا کام ابھی شروع ہوا ہے مقصد ابھی پورا نہیں ہوا۔ جامعہ پونچھ ہی راولاکوٹ کی پہچان بنے گی اور راولاکوٹ ایک متحرک تعلیمی معاشرے کے طور پر جانا جائے گا۔ اس موقع پر شاہزیب شبیر نے اپنے مختصر ریمارکس میں کہا کہ طلبہ کیلئے یہ وظائف لوگوں نے عطیہ کئے ہیں اور یہ عطیہ عظیم مقصد کیلئے ہے۔ طلبہ اس مقصد کو بھی سمجھیں اور سکالرشپ دینے والوں کے حق میں خصوصی دعا کریں۔ اس موقع پر انھوں نے وائس چانسلر کو خراج تحسین پیش کیا کہ انھوں نے چھوٹا گلہ کیمپس کی پیچیدگیوں کو حل کرکے اس کو دوبارہ کام شروع کرنے کے قابل بنایا۔ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر محمد رحیم خان نے سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کی سکالرشپ پالیسی، میرٹ مرتب کرنے کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی، جامعہ پونچھ کے ڈائریکٹر سٹوڈنٹس فنانشل ایڈ ڈاکٹر فراز نے سدھن ایجوکیشنل کانفرنس اور دیگر شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔